نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹرز پروگرام کے دوسرے مرحلے کا باقاعدہ آغاز، کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب

لاہور:**15** اگست**2025**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹرز پروگرام کے دوسرے مرحلے کا 14 اگست 2025ء سے باقاعدہ آغاز کردیا گیا ہے اور ایسے کاشتکار جو 7 ایکڑ یا اس سے زیادہ رقبہ کے مالک ہیں، درخواست دینے کے اہل ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت کاشتکاروں کو 75 ہارس پاور یا اس سے زائد ہارس پاور کے ٹریکٹرز پر 10 لاکھ روپے فی ٹریکٹر سبسڈی دی جارہی ہے۔ خواہشمند کاشتکار درخواست جمع کرانے کیلئے پورٹل **https://gts.punjab.gov.pk/** کا وزٹ کریں اور آن لائن اپنی درخواستیں جمع کرائیں۔اس ضمن میں کاشتکار اپنی درخواستیں یکم ستمبر **2025**ء تک آن لائن پورٹل کے ذریعے جمع کرا سکتے ہیں۔یاد رہے، گزشتہ برس، اس پروگرام کے پہلے مرحلے کے دوران 9500 گرین ٹریکٹرز بذریعہ شفاف قرعہ اندازی کاشتکاروں کو فراہم کئے جا چکے ہیں۔اس پروگرام کے دوسرے مرحلے کے دوران **20** ہزار مزید ٹریکٹرز کاشتکاروں کو بذریعہ شفاف قرعہ اندازی فراہم کئے جائیں گے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ اس پروگرام سے صوبہ میں مشینی زراعت کو فروغ حاصل ہوگا جس سے زرعی پیداواری اہداف کا حصول ممکن ہوگا۔

☆☆☆☆